Total Marks:60 | Class:10th | Time:2.10min

Subject:Urdu(Subjective)

سوال نمبر2۔درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کریں۔(حصہ نظم سے تین اشعار اور حصہ غزل سے دو اشعار)(2x5)

حصہ نظم

1 منھ سے نکل پڑی تھی ہر اک موج کی زبان — تہ پر تھے سب نہنگ مگر تھی لبوں پہ جان

2 اسی نے ایک حرفِ کن سے پیدا کر دیا عالم — کشاکش کی صدائے ہاؤ ہو سے بھر دیا عالم

3 جلوہ قدرت کا شاہد، حسنِ فطرت کا گواہ — ماہ کا دل، مہرِ عالم تاب کا نورِ نگاہ

4 فاطمہ! تو آبروئے امت مرحوم ہے — ذرہ ذرہ تیری مشتِ خاک کا معصوم ہے

حصہ غزل

1 جلنا تو چراغوں کا مقدر ہے ازل سے — یہ دل کے کنول ہیں کہ بجھے ہیں نہ جلے ہیں

2 یہ وہ راستا ہے دیارِ وفا کا — جہاں بادِ صرصر، صبا ہو گئی ہے

3 یوں تو ہنگامے اٹھاتے نہیں دیوانہ عشق — مگر اے دوست، کچھ ایسوں کا ٹھکانا بھی نہیں

سوال نمبر:3۔درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کریں۔سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی(10=5+5) بھی لکھیں۔

1 ریڈیو پاکستان کراچی سے ۱۲ سال پہلے ایک پروگرام "دانش کدہ" شروع کیا گیا تھا۔ جس میں چار دانشور بلائے جاتے تھے اور سننے والوں کے جواب فی البدیہہ دیا کرتے تھے۔ میں میر سوالات کی خدمت انجام دیتا تھا۔ میں نے سوچا کہ مرزا صاحب اگر اس پروگرام میں شرکت فرمانا منظور کر لیں تو اس پروگرام کو چار چاند لگ جائیں۔ چنانچہ میں مرزا صاحب کی خدمت میں حاضر ہوا۔ عرضِ مدعا سن کر متبسم ہوئے۔ فرمایا: "آدمی شہرت کے لیے کوئی کام کرتا ہے یا دولت کے لیے مجھے نہ اس کی ضرورت ہے، نہ اُس کی"

2 اس کے بعد وہ سب ایک دوسرے پر پل پڑے۔ وہ سر پھٹول ہوئی' وہ لاٹھیاں چلیں کہ سب خون میں نہا گئے، آخر ارد گرد کے کھیتوں میں کام کرنے والے دوسرے لوگ بھاگ کر آئے اور انھوں نے بیچ بچاؤ کرا کے انھیں ایک دوسرے سے الگ کیا۔ پھر جب ان سب کا غصہ قدرے کم ہوا تو ان سے لوگوں نے پوچھا: "تم لوگ اس طرح کیوں لڑ رہے تھے؟"

paragongrw.com

سوالنمبر4۔درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات دیں۔(10)

1 گھر والوں نے عقیل کو ساتھ لے جانے کا مشورہ دیا تو اس پر لڑکی نے کیا جواب دیا؟

2 نام دیو مالی کی موت کا سبب کیا تھا؟

3 مرزا غالب کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

4 شیخوپورہ گزرتے ہوئے علی بخش کو کیا یاد آیا؟

5 بادشاہ بیگم کا اصلی نام کیا تھا؟

6 کسان نے کن شرائط پر چغل خور کو ملازم رکھا؟

7 محمد تحسین کی گفتگو کا محور کیا ہوتا ہے؟

8 مرزا محمد سعید نے کس کالج میں تدریس کے فرائض سر انجام دیئے؟

سوال نمبر:5۔درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیں۔(5)

1 نظریہ پاکستان

2 علی بخش

سوال نمبر:6۔درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیں۔(15)

1 تعلیم نسواں

2 تندرستی ہزار نعمت ہے

3 شہری اور دیہاتی زندگی

سوال نمبر:7۔درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیں۔(10)

غالب نے القاب و آداب' مزاج پرسی بھی خیریت نگاری کا قدیم دستور' جس سے سر مو تجاوز کرنا روانہ رکھا جاتا تھا، بالکل ترک کر دیا۔ یہ بات نہیں کہ یہ باتیں لکھتے ہی نہ تھے، مگر ان قاعدوں کے اور ان کی ترتیب کے پابند نہ تھے، القاب و آداب بالکل چھوڑ دیتے اور اول سطر سے مضمون شروع کر دیتے تھے، کبھی لکھتے تھے تو نئے، مختصر' موزوں القاب لکھتے تھے۔ مثلاً "میاں"۔ "برخوردار"۔ "بندہ پرور"۔ "مہاراج"۔ "پیرومرشد"۔ "بھائی صاحب"۔ اس سے زیادہ لکھا تو "میری جان کے چین میاں سرفراز حسین"۔ میرے مہربان' میری جان' مرزا تفتہ سخن دان" کبھی یہ سب غائب اور خط اس طرح سے شروع: "صاحب تم کیا چاہتے ہو؟"----یا---"مارڈالا یار تیری جواب طلبی نے"۔ اسی طرح دعا، سلام اور اپنا نام اور تاریخ تحریر لکھنے میں بھی کوئی پابندی نہ تھی۔

I) آپ کے خیال میں خط کے ضروری حصے کیا ہیں؟

II) آپ نے غالب کے خط پڑھے ہیں ان کی زبان کیسی ہے؟

III) حامد حسن قادری نے غالب کی مکتوب نگاری کی جو خصوصیت بتائی ہے، اس کا خلاصہ لکھئے؟

IV) قدیم دستور مکتوب نگاری کیا تھا؟

V) خط کیوں لکھا جاتا ہے؟

© 2022 A product of "ParagonSoft" Gujranwala,Pakistan

paragongrw.com